سابقہ تحقیق کا جائزہ:

غیر مسلموں سے سلوک اور ان کے حقوق پر بہت سے مقالہ جات لکھے جا چکے ہیں اسلام میں ان کے کون سے حقوق ہیں ان کے کون کون سے حقوق ہیں ان کو کیسے تحفظ دیا گیا ہے اس بارے میں بھی مقالہ جات جامعہ پنجاب شیخ زید اسلامک سنٹر میں موجود ہیں۔ مگر ایسا کوئی کام نہیں گزرا جس میں "مغلیہ عہد میں غیر مسلموں کے ساتھ سلوک پر تحقیقی و تنقیدی جائزہ" لیا گیا ہو۔ اس لیے مقالہ ھذہ میں مغلیہ عہد میں غیر مسلموں کے حقوق کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ لیا جائے گا جو وقت کی ضرورت ہے۔

مقاصد تحقیق:

مغلیہ عہد کا آغاز و ارتقاء، سیاسی سماجی و جائزہ لینا، مذہبی و عملی صورتحال کا جائزہ

اسلوب تحقیق:

مقالہ کے تحریر کے لیے تحقیقی اور تنقیدی طریقہ تحقیق اختیار کیا گیا ہے۔

مصادر و مراجع میں حروف تہجی کی ترتیب کو مد نظر رکھا گیا ہے۔

حوالہ جات فٹ نوٹ میں دیئے گئے ہیں۔ آیات کا حوالہ درج کرتے وقت سورت کا نام پھر سورت کا نمبر اور آخر میں آیت کا نمبر دیا گیا ہے۔ حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے کتاب اور باب کا نام پھر حدیث کا نمبر لکھا ہے۔

مقالہ کی تحقیق کے دوران اساتذہ سے خصوصی راہنمائی لی گئی ہے۔

تحقیقی کام کے لئے انٹرنیٹ اور علمی سافٹ وئیر کا استعمال بھی کیا گیا ہے اور آخر میں خلاصہ اور مصادر و مراجع درج کیے گئے ہیں۔

خاکہ تحقیق:

مقالہ ھذہ کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جس کی تفصیل یوں ہے

باب اول: مغلیہ عہد پر مشتمل ہے

اس میں تین فصول بنائی گئی ہیں۔

پہلی فصل میں اس دور کا آغاز و ارتقاء بیان کیا ہے

دوسری فصل میں اس دور کا سیاسی و سماجی جائزہ بیان کیا گیا ہے

تیسری فصل میں اس دور کی مذہبی و عملی صورتحال کو بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم: مغلیہ عہد میں غیر مسلموں سے سلوک کے متعلق ہے

اس میں بھی تین فصول بنائی گئی ہیں۔

پہلی فصل میں غیر مسلموں سے سلوک۔ مذہبی تعلیمات کو بیان کیا گیا ہے۔

دوسری فصل میں غیر مسلموں کے حقوق اسلامی تاریخ کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں

فصل سوم میں مغلیہ عہد میں غیر مسلموں کے حقوق کے متعلق بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم: مغلیہ عہد کے مذہبی طبقات اور مذہبی ہم آہنگی کے متعلق ہے

اس میں بھی تین فصول بنائی گئی ہیں۔

پہلی فصل ہندو معاشرہ اور اس کے طبقات کے متعلق

دوسری فصل مسلم معاشرہ اور اس کے طبقات کے متعلق

تیسری فصل مذہبی طبقات اور بین المذاہب تعلقات کے متعلق

مغلیہ عہد میں غیر مسلموں سے سلوک اور تعلقات یہ ایک حقیقی تجزیہ ہے اللہ تعالی سے امید واثق ہے یہ عنوان "مغلیہ عہد میں غیر مسلموں سے سلوک؛ ایک تحقیقی وتنقیدی جائزہ" ابھی اور آنے والے وقت میں پڑھنے والوں کے لئے مفید ثابت ہو گا۔